# ضابطۂ اخلاق

SEARLE

# فہرست

| صفحہ نمبر | |
| --- | --- |
| ۰۳ | ابتدائیہ |
| ۰۴ | احترام اور غیر جانبداری |
| ۰۵ | صحت، حفاظت اور ماحولیات |
| ۰۶ | قوانین اور اعلیٰ اخلاقی اقدار |
| ۰۷ | رشوت ستانی اور کرپشن |
| ۰۸ | متصادم مفادات |
| ۰۹ | ادارے کے اثاثہ جات اور معلومات |
| ۱۰ | اندرونی تجارت |

SEARLE

# ابتدائیہ

## ہمارا ضابطہ، ہمارا عزم

سرل کا ضابطۂ اخلاق ہمارے اس عزم کی غمّازی کرتا ہے کہ ہم اپنے کاروباری سرگرمیاں اعلیٰ اخلاقی اقدار اور احساسِ ذمہ داری کے ساتھ ادا کرنا چاہتے ہیں اور اپنی انہی کوششوں کے ذریعے لاکھوں انسانوں کی صحت اورزندگی میں بہتری لانے کے خواہش مند ہیں۔

ہمارے ضابطۂ اخلاق کی اساس ہماری بنیادی اقدار ہیں جن پر ہم یقین رکھتے ہیں اور عمل کرتے ہیں مثلاً دیانتداری، جرأت اور احساسِ ذمہ داری۔

یہ ضابطۂ اخلاق ہماری رہنمائی کرتا ہے درست اقدام کرنے کی طرف ، اپنے فیصلوں میں اصول پسندی اختیار کرنے کی طرف اور جرأت مندی سے کام لیتے ہوئے ضابطۂ اخلاق کی خلاف ورزی کی نشاندہی کی طرف۔

جیسے ہی آپ سرل کا حصہ بنتے ہیں، آپ پر اس ضابطۂ اخلاق کی پاسداری کی ذمہ داری عائد ہو جاتی ہے۔ ضابطۂ اخلاق میں بیان کردہ اصولوں پر کار بندہوکر آپ سرل کو ایک زیادہ ذمہ دار، اعلیٰ اقدار اور قوانین پر عمل پیرا ادارہ بنانے میں اپنا کردار اداکررہے ہیں۔

لہٰذا ہم اپنے تمام ملازمین سے توقع رکھتے ہیں کہ وہ اس ضابطۂ اخلاق پر ۱۰۰ فیصد عمل درآمد کریں گے۔ اگرچہ ہم پُراعتماد ہیں کہ ہمارے ملازمین خود ان اصولوں پر عمل پیرا ہیں، ان اصولوں سے روگردانی یا جان بوجھ کر ان سے انحراف کرنے کی صورت میں تادیبی کاروائی عمل میں لائی جا سکتی ہے، جس میں ملازمت سے برخواست کرنا بھی شامل ہے۔

ہم میں سے ہر ایک شخص کا درست عمل اہمیت رکھتا ہے۔ آئیے ہم سب مل کر ایک ذمہ دار اور اعلیٰ اخلاقی اقدار پر مبنی ادارے کا تسلسل برقرار رکھیں اور اسے بہتر بنانے میں اپنا کردار ادا کریں۔

## احترام اور غیر جانبداری

# ہم لوگوں سے غیر جانبداری اور احترام کے ساتھ پیش آتے ہیں۔

ہم اس بات پر مکمل یقین رکھتے ہیں کہ ایسے تمام افراد سے، جن کے ساتھ ہمارے کاروباری روابط ہیں، احترام اور غیر جانبداری وشفافیت کے ساتھ پیش آیا جائے۔ اور ان کے ساتھ منصفانہ انداز اختیار کیا جائے۔ ان افراد میں ہماری قیادت، ملازمین، اسٹاف کے علاوہ کسٹمرز، سپلائرز اور دیگر کاروباری شراکت دار شامل ہیں۔

ہم ملازمین کے حقوق کا خیال رکھتے ہیں اور اپنے ادارے کے اراکین کو ایسے مساوی مواقع فراہم کرتے ہیں جن کے باعث وہ اپنے مخصوص دائرہ کار میں رہتے ہوئے اپنے فرائض کی انجام دہی میں بہترین اعلیٰ صلاحیتوں کا بھرپور مظاہرہ کر سکیں۔

ہم اپنے ملازمین سے توقع کرتے ہیں کہ وہ لسانی، مذہبی اور علاقائی اقدار کا احترام کریں، صنفی مساوات پر کار بند ہوں اور ایک ایسے ماحول کی نشونما کریں جو خوف و ہراس، امتیازی سلوک اور تشدد، ایذا رسانی سے مبرّا ہو۔

افراد کے ساتھ با عزّت اورباوقار رویّہ اختیار کرنے کی ایک کوشش ہماری پالیسی ہے جس کے تحت ایسے افراد کا انفرادی طور پر مکمل تحفظ کیا جائے گا جو ادارے کے قواعد و ضوابط، پالیسی یا ضابطۂ اخلاق کی خلاف ورزی کے مرتکب افراد کے بارے میں ادارے کو آگاہ کریں گے ۔اس پالیسی کو قبل از وقت خبردار کرنے یا پیشگی خبردار کرنے کی پالیسی قرار دیا گیا ہے۔ آپ یہ معلومات ہم تک اس یقین کے ساتھ پہنچا سکتے ہیں کہ آپ کا نام صیغۂ راز میں رکھا جائے گا۔

# صحت، حفاظت اور ماحولیات

## ہم کاروباری سرگرمیوں کو ذمہ دارانہ انداز میں سرانجام دیتے ہوئے افراد کی صحت اور ماحولیاتی تحفظ کو یقینی بناتے ہیں۔

ہم صحت، تحفظ اور ماحولیاتی مینجمنٹ سسٹم کو یقینی بنانے کے لئے پُر عزم ہیں تاکہ اپنے افراد کے تحفظ کے ساتھ ساتھ اپنے اثاثوں کو بھی محفوظ بنایا جا سکے اور ماحولیاتی امور کو ذمہ داری کے ساتھ انجام دیا جائے۔

اس عزم کو حقیقت میں ڈھالنے کے لئے ہر ٹیم لیڈر، شعبوں کے سربراہ اور لائن منیجر کو اپنی کاروباری سرگرمیوں کی حکمت عملی میں صحت، حفاظت اور ماحولیاتی تحفظ کے اصولوں اور طریقوں کو مرتکز کرنا ہو گا اور ادارے کے ہر فرد کو اپنے روز مرّہ کی سرگرمیوں میں صحت، حفاظت اور ماحولیاتی تحفظ کے تمام اصولوں کو مدِ نظر رکھنا ہو گا۔

### درست رویہ اختیار کریں

- حفاظت اور ماحولیاتی تربیتی پروگراموں میں حصہ لیں۔
- اپنی ذمہ داریوں سے متعلق طے شدہ قوانین اور افعال جو حفاظت اور ماحولیاتی تحفظ کے متعلق ہوں، ان کو سیکھیں اور اس پر عمل درآمد کریں۔
- تمام مطلوبہ حفاظتی آلات اور حفاظتی ملبوسات کا استعمال کریں تاکہ صحت، حفاظت کو یقینی بنایا جائے۔
- عمارت کو خالی کرنے کے لئے ہدایات اور طریقہ کار کو سیکھیں اور اس پر عمل درآمد کریں۔
- اپنے کام کے مقام پر کسی خطرناک شے یا اشیاء کو ٹھکانے لگانے کے طریقہ کار کو سیکھئے۔
- تشدد آمیز دھمکیوں اور اقدامات سے مکمل طور پر اپنے آپ کو دور رکھئے۔
- اپنے گردو پیش کے ماحول سے آگاہ رہیں۔
- اپنے کام کے مقام پر کسی شے کے استعمال کے لئے مروجہ قوانین پر عمل درآمد کریں۔
- حفاظت، صحت اور ماحولیاتی خطروں یا مشکوک اور مشتبہ اخراج یا رساؤ کی فوری اطلاع انتظامیہ یا ایچ ایس ای ڈیپارٹمنٹ کو دی جائے۔

# قوانین اور اعلیٰ اخلاقی اقدار

## ہم اپنی کاروباری سرگرمیوں میں قانون اور اعلیٰ اخلاقی اقدار کی پاسداری کرتے ہیں۔

ہمارے آپریشنل فیصلے اس بات کو یقینی بناتے ہیں کہ ادارے کی تمام مصنوعات اور خدمات کو مروجہ قوانین اور قواعد و ضوابط کی پاسداری کرتے ہوئے پیش کیا جائے۔

ہم اپنے ہر ایک ملازم سے توقع کرتے ہیں کہ وہ ذمہ دارانہ رویّہ اختیار کرتے ہوئے اپنے کردار اور افعال سے انفرادی طور پر دیانتداری کا مظاہرہ کریں گے۔

شفافیت کو یقینی بنانے کے لئے ہم اپنے ملازمین کی اس بات پر حوصلہ افزائی کرتے ہیں کہ وہ ادارے میں رونما ہونے والی کسی بھی قسم کی غیر اخلاقی سرگرمیوں کے بارے میں اپنے خدشات کا اظہار کریں۔

ہم ادارے میں ایک مثبت ماحول کے قیام کے لئے ہر ممکن انداز سے کوشاں ہیں جہاں کسی بھی قسم کی ارادی یا غیر ارادی بد عنوانیوں کی نشاندہی ہو سکے اور اس کا فوری طور پر مکمل سدباب کر دیا جائے۔

ہم شفافیت سے کام لیتے ہوئے اس بات کو یقینی بناتے ہیں کہ ہمارے تمام کاروباری لین دین کا ریکارڈ درست ہو۔

### درست رویہ اختیار کریں

- مروجہ قوانین / قواعدو ضوابط / پالیسیوں سے آگاہی حاصل کریں اور ہمیشہ قانونی اور شفاف انداز اختیار کریں۔
- کسی بھی شخص کے غیر قانونی انداز اختیار کرنے کی ہمت افزائی نہ کریں اور نہ ہی ترغیب دیں۔
- کسی بھی قسم کے مسائل سلجھانے کے لئے غیر اخلاقی حل کی سخت مذمّت کریں۔
- اگر آپ کو ایسا محسوس ہوتا ہے کہ کوئی کام یا فیصلہ اس ضابطۂ اخلاق کے منافی ہے تو اس کے بارے میں اپنی رائے ضرور پیش کریں۔
- قواعد و ضوابط میں کامیابی، نقائص اور جھول تلاش کرنے کے بجائے اصول پسند رویہ اختیار کریں۔
- حقیقت پسندانہ اور قابلِ عمل وعدے کریں اور جھوٹے وعدوں سے اجتناب کریں۔
- خدشہ کی صورت میں رہنمائی حاصل کریں۔

# رشوت ستانی اور کرپشن

## ہمارے لئے کرپشن قطعی ناقابلِ برداشت ہے اور ہم نہ ہی رشوت لیتے ہیں اور نہ دیتے ہیں۔

ہم اعلیٰ ترین اخلاقی اقدار کے حصول اور اس کے مطابق اپنی سرگرمیاں سر انجام دینے کے لئے مصمم ارادہ رکھتے ہیں اور یہی انداز ہم اپنی کاروباری سرگرمیوں میں بھی اپناتے ہیں۔ کرپشن اور رشوت ہمارے لئے ناقابل برداشت ہے۔

ہمارا ادارہ،اس کے ملازمین اور کوئی بھی شخص جو ہمارے ادارے کی نمائندگی کرتے ہوئے کام کررہا ہو اس بات کا مکمل پابند ہے کہ وہ ادارے کی پالیسیوں کے ساتھ ساتھ اس ملک کے قوانین کی بھی پاسداری کرے جہاں ہماری کاروباری سرگرمیاں سرانجام دی جارہی ہوں۔

انفرادی سطح پر ہر شخص سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ مکمل دیانتداری کے ساتھ اپنے فرائض انجام دیں گے اور کسی بھی صورت میں کسی بھی قسم کی بدعنوانیوں میں ملوث نہیں ہوں گے اس ضمن میں ہماری جانب سے کسی تیسرے ادارے کے ذریعے رقوم یا خدمات کی فراہمی بھی شامل ہے۔ ہم اپنی کاروباری سرگرمیاں شفافیت کے ساتھ سر انجام دیتے ہیں اور اس بات کو یقینی بناتے ہیں کہ یہ شفافیت برقرار رہے۔

# متصادم مفادات

## ہم مفادات کو متصادم ہونے کی اجازت نہیں دیتے تا کہ ہماری پیشہ وارانہ ذمہ داریاں اور فیصلے کسی بھی اثر ورسوخ اور سمجھوتے سے مبرّا رہیں۔

دیانتداری کے ساتھ سرگرمیوں کی انجام دہی کا تقاضہ ہے کہ تمام تر فیصلوں پر عمل درآمد اور ان کے اعلان کے ضمن میں مشاورت کو متصادم نہ ہونے دیا جائے۔ کسی بھی مفاد کا تصادم اس وقت ہوتا ہے جب کسی فرد کا بلا واسطہ یا بلواسطہ ذاتی مفاد، ادارے کی کاروباری سرگرمیوں کی انجام دہی کے دوران فیصلوں اور اقدامات پر، اثر انداز ہو یا اثر انداز ہوتے ہوئے محسوس کیا جائے۔

ایسے تمام فیصلے جو مفادات کے متصادم ہونے کے باوجود لئے گئے ہوں، ذاتی دیانتداری اور کاروباری ساکھ کے لئے انتہائی نقصان دہ ہوتے ہیں اور اس طرح کے فیصلوں سے ادارے کی نیک نامی منفی انداز میں متاثر ہوتی ہے اور اسی کے ساتھ ہمارے کاروباری شراکت داروں کے اعتماد کو بھی ٹھیس پہنچاتی ہے۔

ہم اپنے ملازمین سے توقع کرتے ہیں کہ وہ اپنی سرگرمیوں میں ادارے کے متعارف کردہ ضابطۂ اخلاق کی مکمل طور پر پاسداری کریں گے۔ اس ضمن میں ارادی اور دانستہ طور پر ضابطۂ اخلاق کی خلاف ورزیوں پر مناسب انداز میں منصفانہ تادیبی کاروائی کی جائے گی۔

# اداروں کے اثاثہ جات اور معلومات

## ہم ادارے کی معلومات، وسائل اور اثاثہ جات کو نقصانات یا بے جا استعمال سے مکمل طور پر محفوظ رکھتے ہیں۔

ہم انتہائی دیانتداری اور ذمہ داری کے ساتھ اپنی سرگرمیوں کو انجام دیتے ہوئے اس بات کو یقینی بناتے ہیں کہ ادارے کے وسائل اور اثاثوں کو نقصانات اور اس کے غلط استعمال سے محفوظ رکھا جائے۔ اس ضمن میں ہم مکمل طور پر چوکس رہتے ہوئے اپنی پیشہ ورانہ سرگرمیوں کو تندہی سے سر انجام دیتے ہیں۔

ہم اپنے ملازمین سے توقع کرتے ہیں کہ وہ قواعد و ضوابط پر دیانتداری سے عمل درآمد کرتے ہوئے ایک مثبت انداز اختیار کریں گے تاکہ ادارے کے قیمتی اثاثہ جات کے نقصانات کی مکمل طور پر روک تھام ہو سکے۔

ہم کمپنی کی معلومات کو اپنا انتہائی قیمتی اثاثہ قرار دیتے ہیں اور تمام تر حساس اور خفیہ معلومات سے حد درجے احتیاط کے ساتھ استفادہ کرتے ہیں۔

**خفیہ معلومات**

خفیہ معلومات ایسی معلومات کو کہا جاتا ہے جو ہمیں قانون یا معاہدے کے تحت خفیہ رکھنا پڑتی ہیں یا پھر ان معلومات کے افشا ہو جانے سے ہمارے ادارے یا کاروباری شراکت داروں اور ایسوسی ایٹس کے کاروباری مفادات کے متاثر ہونے کا خطرہ یا امکانات ہوں۔ اس میں تھرڈ پارٹی معلومات بھی شامل ہیں جس کے لئے ہمارے ادارے نے اتفاق کیا ہے کہ ان امور کو خفیہ انداز میں سرانجام دیا جائے۔

# اندرونی تجارت

## ہم ادارے کے ممبران کو اندرونی معلومات کے برتے پر کسی بھی قسم کی تجارت کی ممانعت کرتے ہیں۔

کمپنی کے اعلیٰ حکام یا کسی بھی ملازم جس کے پاس خفیہ معلومات ہوں،کے لئے کمپنی کی سکیوریٹیز حصص، بانڈ یا دیگر مالی اختیارات کی خرید و فروخت کرنا قانوناً جرم ہے خاص طور پر جب ملازم یا ممبر کے پاس کمپنی کی اندرونی خفیہ معلومات ہوں جو کہ عوام سے چھپی ہوئی ہوں۔

کارپوریٹ قوانین اور کمپنی ہمیں کمپنی کی اندرونی معلومات کو خود استعمال کرنے یا دوسروں پر آشکار کرنے سے روکتی ہے۔

## اہم نکات:

## اہم نکات:

SEARLE

SEARLE

**THE SEARLE COMPANY LIMITED**

1st Floor, N.I.C Building,
Abbasi Shaheed Road, Karachi-75530
www.searlecompany.com

YCOM